پریس ریلیز

قرآن پاک دین اسلام کی بنیاد اور ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے :پروفیسر الفرید ظفر

مسلم امہ کے مذہبی جذبات سے کھیلنا تشویشناک ،عالمی برادری سنجیدگی کا مظاہرہ کرے :پرنسپل پی جی ایم آئی

حکومت کا یوم تقدیس قرآن منانا واقوام متحدہ میں قرار داد پیش کا اعلان قابل ستائش ہے

سویڈن میں اسلام دشمن سرگرمی پر جنرل ہسپتال میں ہیلتھ پروفیشنلز کی احتجاجی ریلی

صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر حبیب تھنڈ ،صدر روائی این اے خالدہ تبسم ،صدر پاکستان ہیلتھ سپورٹ ایسوسی ایشن رانا پرویز کا بھی خطاب

لاہور 11 جولائی:...... پرنسپل پوسٹ گریجویٹ میڈیکل انسٹی ٹیوٹ وامیر الدین میڈیکل کالج پروفیسر ڈاکٹر سردار محمد الفرید ظفر نے کہا ہے کہ قرآن پاک دین اسلام کی بنیاد اور ہمارے ایمان کا لازمی جزو ہے اور اس مقدس کتاب کی بے حرمتی کسی صورت برداشت نہیں کی جا سکتی ۔انہوں نے کہا کہ آزادی اظہار کے نام پر دنیا بھر کے ڈیڑھ ارب سے زائد مسلمانوں کے مذہبی جذبات سے کھیلنا انتہائی تشویشناک امر ہے ،عالمی برادری سنجیدگی کا مظاہرہ کرتے ہوئے دیگر آسمانی کتابوں کے احترام کے ساتھ ساتھ قرآن پاک کے تقدس کو یقینی بنانے کیلئے فوری اقدام اٹھائے تا کہ کسی کو انتہاپسندی یا تشدد کا راستہ اختیار کرنے کا موقع ہاتھ نہ آئے اور دوبارہ ایسی مذموم سرگرمی کا اعادہ نہ ہو۔

ان خیالات کا اظہار پرنسپل پی جی ایم آئی پروفیسر الفرید ظفر نے لاہور جنرل ہسپتال میں ڈاکٹرز ،نرسز اور پاکستان ہیلتھ سپورٹ ایسوسی ایشن کے عہدیداروں کے زیر اہتمام سویڈن میں اسلام دشمن عناصر کے ہاتھوں مقدس کتاب قرآن پاک کی ہونے والی بے حرمتی کے خلاف اور امت مسلمہ کے ساتھ اظہار یکجہتی کیلئے نکالی گئی احتجاجی ریلی کے شرکاء اور صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کیا۔ ریلی میں ملازمین کی کثیر تعداد کے علاوہ مریض واُن کے عزیز واقارب بھی شریک ہوئے جبکہ شرکاء نے پلے کارڈز اٹھار کھے تھے جن پر احتجاجی نعرے درج تھے۔مظاہرین نے مطالبہ کیا کہ سویڈن حکومت عالم اسلام کے ہرفرد کے مذہبی جذبات مجروح اور قرآن پاک نذر آتش کرنے والوں کے خلاف موثر کاروائی کرے۔

پروفیسر الفرید ظفر نے صحافیوں سے گفتگو میں کہا کہ اگر قرآن پاک کی بے حرمتی کے واقعات روکنے کیلئے ٹھوس لائحہ عمل اختیار نہ کیا گیا تو مسلم نوجوانوں کے جذبات کو بڑھکنے اور دنیا بھر میں امن قائم رکھنے کو یقینی بنانا مشکل ہو جائے گا لہذا اقوام متحدہ اس معاملے پر انتہائی سنجیدگی کا مظاہرہ کرے تا کہ مستقبل میں ایسے واقعات کا قلع قمع کیا جا سکے اور کوئی شخص ایسی بے حرمتی کا تصور بھی نہ کر سکے جس سے دنیا بھر کے اربوں مسلمانوں کی دل آزاری ہو۔ پروفیسر الفرید ظفر کا کہنا تھا کہ اس سنگین معاملے پر پاکستانی قوم کے جذبات کی نمائندگی کرتے ہوئے حکومت پاکستان نے "یوم تقدیس قرآن" منایا اور قرآن پاک کی بے حرمتی کے خلاف اقوام متحدہ میں قرارداد پیش کرنے کا اعلان کیا جو قابل ستائش اور مسلم امہ کی ترجمانی کا عکاس ہے۔صدر ینگ ڈاکٹرز ایسوسی ایشن ڈاکٹر حبیب تھنڈ ،صدر روائی این اے خالدہ تبسم ،صدر پاکستان ہیلتھ سپورٹ ایسوسی ایشن رانا پرویز نے بھی خطاب کیا۔

☆☆☆☆

سویڈن میں اسلام دشمن سرگرمی پر جنرل ہسپتال میں گرینڈ ہیلتھ الائنس کے زیراہتمام احتجاجی ریلی کی قیادت پرنسپل پروفیسر الفرید کر رہے ہیں۔اس موقع پر ڈاکٹرز، نرسز اور پیرامیڈیکس بھی شریک ہیں۔(لاہور 11 جولائی 2023ء)